## سوال

(563) نماز ضحیٰ اور شفع ووتر کا وقت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

1. نماز ضحیٰ کا وقت کب شروع ہوتا ہے؟

2. نماز شفع ووتر کا وقت کب سے شروع ہوتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

1. نماز ضحیٰ کا وقت اس وقت شروع ہوتا ہے جب سورج ایک نیزہ کے برابر بلند ہوجائے اور ظہر سے قبل زوال تھوڑی دیر پہلے یعنی قریباً نصف گھنٹہ تک رہتا ہے اور افضل وقت ضحیٰ کا نصف وقت ہے جس وقت اونٹ کے بچوں کے پاؤں جلنا شروع ہوجاتے ہیں۔ یعنی گرمی کی شدت میں اضافہ شروع ہوجاتا ہے۔

2. وتر کا وقت عشاء کے بعد سے لے کر طلوع صبح سے پہلے تک ہے۔ اس کا افضل وقت رات کا آخری حصہ ہے۔ اس کے لئے جسے اس وقت اٹھنے کا اعتماد ہو۔ اور اگر اسے خدشہ ہو وہ نیند کے غلبہ کی وجہ سے نہیں اٹھ سکے گا تو وہ سونے سے پہلے پڑھ لے۔ (شیخ ابن جبرین رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ: جلد1

## صفحہ نمبر 452

## محدث فتویٰ